جنابِ علیم ناصری

نعت

اے کہ تری نعت ہے مرکزِ فکر و خیال — محورِ قلب و نظر تیرا جلال و جمال
نقشِ کفِ پا ترا قبلہ نمائے حیات — راہ تری مستقیم راہبری لازوال
تشنہ لبوں کیلئے تیرا سخن سلسبیل — ہے ترا ہر ایک حرف جرعۂ آبِ زلال
نام ترا انگبیں بات ہے تیری نبات — ہے ترا ہر نعت گو طوطیٔ شکر مقال
ذرہ ترے شہر کا غیرتِ صد آفتاب — دلکشیٔ صد گلستاں تیرے چمن کا نہال
اسوۂ کامل ترا باعثِ فوزِ الکبیر — تیرا اطاعت گزار فائز و فرخندہ فال
تیری رہِ شوق میں جس کا سفر ہو تمام — ہے وہی روشن ضمیر ہے وہی احسن خصال
تیری غلامی میں ہے دولتِ دارا و جم — ہے یہی فوز المرام ہے یہی حسنِ مآل
راہنما ہو میری سنتِ خیر الانام — بارگہِ قدس میں میں ہوں سراپا سوال

اپیل

ضلع گوجرانوالہ میں علی پور چٹھہ ایک مشہور قصبہ ہے۔ ریلوے سٹیشن، پختہ سڑک، ڈاکخانہ ٹیلیفون، اجناس کی منڈی، لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے ہائی سکول، کالج اور دیگر سہولیات کے باعث یہ مقام بیحد اہمیت کا حامل ہے ـــــ قصبہ مذکور میں مسلکِ حقہ اہلحدیث کے علاوہ دیگر تمام مکتبہ ہائے فکر دیوبندی، بریلوی، شیعہ حتیٰ کہ مرزائیوں اور چکڑالویوں کی مساجد بھی موجود ہیں۔ تین چار گھرانے اہلحدیث کے بھی آباد ہیں۔ مگر اس کمی کی وجہ یہ ہے کہ آج تک مسلک کی اشاعت کیلئے یہاں کوئی کوشش ہی نہیں کی گئی۔ اور اندازہ یہی ہے کہ ـــ ذرا نم ہو تو یہ مٹی بہت زرخیز ثابت ہوگی۔ ان مقامی لوگوں نے مسجد اہلحدیث تعمیر کرنے کی شدید خواہش کے پیشِ نظر کوشش کر کے علاقہ کے ایک زمیندار سے مسجد کیلئے زمین حاصل کر لی ہے۔ خود یہ گھرانے غریب ہیں۔ اسلئے اگر مخیر حضرات اس سلسلہ میں خصوصی دلچسپی لیں تو فی الحال ایک کمرہ اور چار دیواری تعمیر کر کے کام کی ابتدا ہو سکتی ہے۔ امید ہے کہ ہماری یہ اپیل رائیگاں نہیں جائیگی۔ قریبی گاؤں کے ایک مخلص اہلحدیث عالم اس سلسلہ میں خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں جو فی سبیل اللہ تبلیغی خدمات انجام دینے کیلئے تیار ہیں۔ اپنے عطیات انہی کے درج ذیل پتہ پر روانہ فرمائیں۔ مولانا محمد ادریس کیلانی حضرت کیلیانوالہ ضلع گوجرانوالہ ـــ جزاکم اللہ!

(المشتہر اکرام اللہ ساجد)